طلسم بدر کامل

ڈاکٹر سائرواسطی شاہ جمالی

بدر کامل ترقی و عروج فتح و نصرت کی علامت ہے۔یعنی قمر نے تاریکی پر مکمل فتح پالی یہ اسی کا عکاس ہے۔

جب فتح و نصرت یا ترقی مقصود ہو تو دو طریقے ہیں

- ایک اپنی تصویر پر عمل کرنا یعنی طلسم بنانا
- یا دوسرا طریقہ ہے کہ نام پر عمل کرنا۔

تصویر پر عمل

- اپنی تصویر لیں لیکن تصویر خوب روشنی کی ہونی چاہئے ورنہ فرضی تصویر بھی بنائی جاسکتی ہے سفید کاغذ پر جیسے طلسمات میں بنائی جاتی ہیں ڈرائینگ کارٹونز کی طرح
- لباس بھی سفید ہو تو بہتر ہے یعنی تصویر میں جو لباس آپ نے پہنا ہو
- اب اپنے نام معہ والدہ اور مقصد کے حروف کے اعداد نکالیں
- نام مع والدہ حروف کے تعداد میں (بن)(یا بنت) کے تعداد بھی لئے جائینگے

(ایسے تمام اعمال جن میں شدت پیدا کرنا مقصود ہو وہاں والدہ کے اعداد بھی لینے چاہیئے جیسے میں نے آج کے عمل میں دیا تھا تثلیث زہرہ و مشتری والے عمل میں۔ جبکہ دیگر اعمال میں اس کی ضرورت نہیں ہوتی۔یعنی وہاں یہ لازم نہیں ہے)

- اب ان اعداد گنتی میں بارہ درجہ تک بڑھائیں مثلاً نام کے اعداد ہوئے 200 تو اب اس میں بارہ درجہ تک ترقی کی یعنی 201 پھر 202 پھر 203 علیٰ ہذالقیاس۔ 211 پر کل بارہ درجات مکمل ہو گئے

یہ کل تین حلقوں کا عمل ہے۔ تصویر کے اطراف تین حلقوں میں لکھنا ہے

پہلا حلقہ :

- نام کے اعداد جن میں درجہ ترقی دی ہے۔ مثلاً200 سے 211 تک۔ بارہ درجہ ہیں تو اعداد ہر ضلع (تصویر کی ہر سائیڈ) پر تین تین آئینگے

دوسرا حلقہ :

- اب اسی نام والی سطر کو مفرد حروف میں لکھ کر دوسرا حلقہ بنالیں یعنی تصویر کے گرد دوسرے حلقہ میں یہ حروف لکھ دیں۔ مفرد مطلب جیسے سلیم لیا ہو تو س ل ی م۔اس طرح نام اور مقصد والی سطر کے حروف مفرد۔

تیسرا حلقہ :

- تیسرے حلقہ میں بارہ بدر کامل بنائیں۔یعنی ہر طرف تین تین چاند کی تصویر ہاتھ سے بنا دیں
- اب اس کے گرد تین حلقوں میں عمل ہوا تصویر کے گرد چاروں طرف پہلا حلقہ اپنے نام کے اعداد کا دوسرا حروف کا تیسرا 12 بدر کامل بنائیں بس عمل مکمل ہوا۔

عمل کا طریقہ کار

مقام ونشست :

- منہ اس عمل میں اس طرف کرنا ہے کہ اپنا سایہ سامنے نظر نہ آئے پشت پر رہے۔
- اور جس جگہ طلسم تیار کریں وہاں بھی خوب روشنی کا انتظام کر کے بیٹھیں اور صحن میں کھلے آسمان کے نیچے یہ عمل ہو گا۔

عمل لکھنے والی سیاہی کا رنگ

- جس مرضی رنگ کی لے لیں بس کالی یا پیلی یا سرخ نہ لیجئے گا۔کہ یہ قمر کے مخالفین کے رنگ ہیں

عمل کا وقت

- یہ تمام کام بدر کامل کے وقت کریں۔
- بدر کامل کا وقت تقاویم میں درج ہوتا ہے اور تجلیات میں بھی بیان کر دیا جایا کرے گا احباب یاد دلا دیجئے گا۔
- وہ وقت اس عمل کی ابتداء کا وقت ہے اور اسکا اختتام چودھویں رات کے نصف اللیل تک ہے، یعنی جب چاند آپ کے بالکل سر کے اوپر ہو۔بلکہ مناسب یہی ہے کہ عین اس وقت یہ طلسم بنایا جائے جب چاند سر کے بالکل اوپر ہو۔(ہر ماہ بنایا جا سکتا ہے)
- اعداد ایسے لکھے جائیں گے جس سے حلقہ بن جائے یہ حلقہ چاند کے حلقہ کی نسبت سے بنایا جائے گا،اسی طرح حروف کا حلقہ اسی طرح پھر چاند بنانے کا حلقہ

طلسم کا استعمال

- اب اسے سفید کپڑے میں لپیٹیں خوشبو سے معطر کر لیں عطر وغیرہ لگائیں اور موم جامہ سفید کر کے پاس رکھیں ان شاءاللہ تعالیٰ ! بارہ بدر یعنی ایک سال کے اندر ہے موافق سطر مقصد حاصل ہو گا اور عروج و ترقی کا مشاہدہ ہو گا ان شاءاللہ تعالیٰ
- ایک سال تک طلسم اپنے پاس رکھیں اگر خاطر خواہ نتائج نہ ملیں تو دوسرا بنا لیں یا بالکل نتائج نہ ملیں تو یہ خیال ہی چھوڑ دیجئے اور کوئی ڈھنگ کا کام شروع کر دیجئے۔
- تجربہ کیلئے سال اگر زیادہ سمجھیں تو ایک بدر سے دوسرے بدر تک یعنی ایک ماہ کا مشاہدہ کر لیں۔زیادہ صبر ہو تو یہ بھی کافی ہے

مثال

مقصد	سلام ابن صبا کے رزق میں ترقی ہو
اعداد مقصد	1435
پہلا حلقہ	
درجات	1435 سے 1446 بارہ درجات۔ الٹی سمت میں لکھیں
دوسرا حلقہ	
سطر مقصد مفرد	س ل ام اب ن ص ب اک ے رزق م ی ں ت رق ی ہ و۔ الٹی سمت میں لکھیں
تیسرا حلقہ	
بارہ بدر کامل	۔الٹی سمت میں لکھیں